© rasailojaraid.com

# اسلام میں معاشرتی بہبود

محمد یوسف گورایہ

اسلام میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کا حسین امتزاج ہے۔

اسلام میں نماز سب سے بڑی عبادت ہے لیکن قرآن حکیم نے ایسے نمازیوں کو ہلاکت کی وعید سنائی ہے جو نماز کو محض قیام، رکوع اور قعود تک محدود رکھتے ہیں اور اذہان و قلوب میں للہیت و خشیت پیدا کرکے دکھی انسانیت کو اس کے مصائب و آلام سے نجات نہیں دلاتے۔

فویل للمصلین ۔ الذین ہم عن صلاتہم ساہون۔ الذین ہم یراؤن۔ و یمنعون الماعون (۱۰۷ - ۴ تا ۷)

ایسے نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے، جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں، جو ریاکاری کرتے ہیں اور اشیائے ضرورت کو روکتے ہیں۔

معاشرتی بہبود کا بنیادی مقصد معاشرے کے محتاجوں، بیکسوں، معذوروں، بیماروں، بیواؤں، اور بے سہارا لوگوں کی دیکھ بھال اور ان کی فلاح و بہبود ہے۔ یہ مقصد بہتر طور پر اسی صورت میں پورا ہو سکتا ہے کہ ایسے لوگوں کی ضرورت اور معذوری دور کرکے معاشرے میں تمول و احتیاج اور دولت و ضرورت کے درمیان توازن پیدا کیا جائے۔ جو لوگ ملک سے غربت و افلاس اور ضرورت و احتیاج دور کرنے کے لئے اپنا مال و دولت خرچ کرتے ہیں، اللہ تعالی ان کے خرچ کو اپنے ذمے قرض حسن قرار دیتے ہیں۔ ساتھ ہی اس بات کی ضمانت بھی دیتے ہیں کہ اس کی ادائیگی کے وقت اسے دوگنا کر دیا جائے گا۔ مزید یہ کہ قرض دینے والوں کو اجر کریم عطا ہو گا:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان المصدقین والمصدقات و اقرضوا اللہ قرضا حسنا یضاعف لہم و لہم اجر کریم (۵۷ : ۱۸) جو لوگ خیرات کرنے والے ہیں۔ مرد بھی اور عورتیں بھی اور اللہ کو قرض حسن دیتے ہیں، ان کو دوگنا ادا کیا جائے گا اور ان کے لئے اجر کریم ہے۔

مخلص اور نیک دل انسان اپنا مال و دولت بے غرض اور بے لوث خرچ کرتے ہیں۔ اس میں وہ اتنے نیک نیت ہوتے ہیں کہ وہ اس خرچ کے عوض محتاجوں اور بیکسوں سے کسی قسم کے بدلہ اور جزاء کے خواستگار نہیں ہوتے۔ بلکہ وہ کہتے ہیں:

انما نطعمکم لوجہ اللہ لا نرید منکم جزاء و لا شکورا (۷۶ : ۹)

ہم جو تمہیں کھلاتے ہیں تو خالص اللہ کے لئے ایسا کرتے ہیں، ہم تم سے نہ بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکر گزاری۔

مگر جو مال دار اور دولتمند اپنے مال و دولت کو معاشرتی بہبود پر خرچ نہیں کرتے اور اپنا مال عیش و عشرت پر لٹاتے ہیں اور بینکوں اور خزانوں میں جمع کرکے ملکی دولت کو منجمد کرتے ہیں وہ اللہ کے غیظ و غضب کو دعوت دیتے ہیں اور دولت کے کنز و جمع کے عوض جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ خریدتے ہیں۔

والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم۔ یوم یحمی علیھا فی نار جھنم فتکوی بھا جباھھم و جنوبھم و ظھورھم۔ ھذا ما کنزتم لانفسکم فذوقوا ما کنتم تکنزون (۹ : ۳۴، ۳۵) جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں اس دن کے دردناک عذاب کی خوش خبری سنادو۔ جس دن وہ (مال) دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائے گا، پھر اس سے ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی پیشانیاں اور ان کے پہلو اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی (اور کہا جائے گا کہ) یہ وہی ہے جو تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا سو جو تم جمع کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو۔

اسوۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانیت کی فلاح و بہبود بالخصوص دکھی، مصیبت زدہ، مفلوک الحال اور مفلس و محتاج لوگوں کو باعزت زندگی گزارنے کے قابل بنانا آپؐ کی بعثت کے اعلیٰ مقاصد میں شامل تھا۔ بخاری اور مسلم کی متفقہ روایت کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

الساعی علی الارملة والمسکین کالقائم لا یفتر و کالصائم لا یفطر۔

بیواؤں اور مسکینوں کی مصیبتوں کو دور کرنے میں کوشاں شخص اجر و ثواب میں اس شخص کے برابر ہے جو ہمیشہ نماز میں مصروف رہتا ہے اور اس میں کوئی وقفہ نہیں کرتا اور ہمیشہ روزہ رکھتا ہے اور کبھی افطار نہیں کرتا۔

بخاری شریف کی ایک روایت کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

انا و کافل الیتیم له و لغیرہ فی الجنة هکذا و اشار بالسبابة و الوسطی و فرج بینهما شیئا۔ میں اور یتیم و بیکس کی کفالت کرنے والا جنت میں ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح ہوں گے، جس طرح انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی ایک دوسرے کے ساتھ ہیں۔

ابو داؤد اور ترمذی کی روایت کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

الراحمون یرحمهم الرحمن، ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو لوگ دوسروں پر رحم کرتے ہیں، رحمن ان پر رحم کرتا ہے، اہل زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

بیکسوں، مفلسوں اور محتاجوں پر رحم نہ کرنے والے رحمۃ للعالمین کی شفاعت سے محروم ہوں گے۔ رحمت دوعالمؐ نے ایسے انسانوں کو اپنی امت سے خارج فرما دیا ہے جو بچوں پر رحم نہیں کرتے بزرگوں کی عزت نہیں کرتے۔ آپؐ نے فرمایا :

لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یؤقر کبیرنا۔

وہ لوگ ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتے اور ہمارے بڑوں کی عزت نہیں کرتے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبل از نبوت مکہ کے ظالمانہ ماحول میں بھی سخت نامساعد حالات کے باوجود چالیس برس تک مسلسل غرباء و فقراء اور ''محروم و معدوم،، کی خدمت میں مصروف رہے اور اپنی بساط کے مطابق ان کی امداد و اعانت فرماتے رہے۔ اس سلسلے میں آپؐ کے لائحہ عمل اور سیرت و کردار کی جو مستند ترین روایت ہم تک پہنچی ہے اگر مسلمان اسے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنا لیں تو نہ صرف اسلامی دنیا جنت نظیر بن سکتی ہے بلکہ پوری دنیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صحیح معنوں میں رحمت دو عالم ماننے پر مجبور ہو سکتی ہے۔

آپؐ کی چالیس سالہ قبل از نبوت معاشرتی بہبود کی حکمت عملی کا تذکرہ حضرت خدیجۃالکبریٰؓ کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس روایت کا پس منظر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپؐ غار حراء میں تشریف فرما تھے۔ جبرئیل امین آپؐ کے پاس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آئے اور آپ کو وحی و نبوت سے سر فراز فرمایا ۔ اس واقعہ سے متاثر آپصلعم گھر تشریف لائے اور حضرت خدیجہ سے اپنی حیرت و پریشانی کا ذکر فرمایا ۔ حضرت خدیجہ بڑی عقلمند، اور بالغ نظر خاتون تھیں ۔ تجارت و دیگر دنیوی امور میں تجربہ و مہارت کے سبب آپ کو معاشرت و معیشت ، تہذیب و تمدن اور مذہب و سیاست کے مطالعے کا کافی موقع ملا تھا ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حیرت و پریشانی کا ذکر سن کر آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سابقہ زندگی کے حالات پر جو تبصرہ کیا وہ تاریخ عالم میں سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہے ۔ یہی تبصرہ حضورصلعم کی معاشرتی بہبود کی حکمت عملی کا تذکرہ ہے ۔ بخاری شریف کی کتاب الوحی میں اسے ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے :

فقال لخدیجۃ و اخبرھا الخبر لقد خشیت علی نفسی ۔ فقالت خدیجۃ کلا واللہ ما یخزیک اللہ ابدا انک لتصل الرحم و تحمل الکل و تکسب المعدوم و تقری الضیف و تعین علی نوائب الحق ۔

آپصلعم نے خدیجہ کو واقعے کی خبر سنائی اور کہا مجھے کچھ گھبراہٹ سی ہو رہی ہے ۔ خدیجہ نے کہا، ہرگز نہیں، خدا کی قسم اللہ آپصلعم کو کبھی رسوا نہیں کرے گا، کیونکہ آپ :

(۱) تعلقات جوڑتے ہیں ۔
(۲) ناتواں کا بوجھ اٹھاتے ہیں ۔
(۳) جو چیز دوسروں کے پاس نہیں آپ انہیں کما کر دیتے ہیں ۔
(۴) مہمانوں کی مہمان نوازی کرتے ہیں ۔
(۵) حادثات کے شکار لوگوں کے حقوق دلانے میں مدد کرتے ہیں ۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنی حکمت و دانائی سے یہ نتیجہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اخذ کیا کہ اعزہ و اقارب سے نیک سلوک کرنا، انسانی تعلقات استوار کرنا بیکس و ناتواں کے مسائل و مصائب خود اپنے سر لینا ''محروم و معدوم،، کو خود کما کر دینا، مہمان نوازی کرنا، حادثات و مقدمات میں حقدار کو حق دلانے میں مدد دینا، عالمگیر اصول ہیں، انسانیت کی فلاح اور معاشرت و تمدن کی بہبود کا انحصار انہی پر ہے۔

سورہ بقرہ کی آیت ۱۷۷، اسلامی عقائد، عبادات اور معاشرتی فلاح و بہبود کا عالمگیر چارٹر ہے:

لیس البر ان تولوا وجوھکم قبل المشرق والمغرب ولکن البر من آمن باللہ والیوم الآخر والملائکۃ و الکتاب والنبیین و آتی المال علی حبہ ذوی القربی والیتمی والمساکین و ابن السبیل والسائلین و فی الرقاب واقام الصلوۃ وآتی الزکوۃ والموفون بعھدھم اذا عاھدوا والصابرین فی البأساء والضراء و حین البأس اولئك الذین صدقوا و اولئك ھم المتقون (۲ : ۱۷۷)

نیکی یہ نہیں کہ تم مشرق و مغرب کی طرف اپنا منہ کرلو، بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ خدا پر، یوم آخرت پر، فرشتوں پر، کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور اس کی محبت پر اپنا مال عزیزوں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، سائلوں کو دیں اور گردنیں چھڑانے پر خرچ کریں اور نماز پڑھیں، زکوۃ دیں، جب عہد کریں تو اسے پورا کریں، سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو ایمان میں سچے ہیں اور یہی ہیں جو خدا سے ڈرنے والے ہیں۔

انسانی فوز و فلاح کے اس چارٹر کے مطابق اصل نیکی اور بھلائی یہ ہے کہ انسان ایمانیات کے نتیجے میں اپنے مال و دولت کے ساتھ محبت اور رغبت کے باوجود اسے معاشرتی بہبود کے کاموں پر خرچ کرے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام کے نظام معاشرتی بہبود اور اسلام کی روحانی اور اخلاقی اقدار میں گہرا تعلق ہے۔ اسلام کی یہ اقدار انسان کو ایثار، قربانی اور بے لوث خدمت خلق پر آمادہ کرتی ہیں اور وہ اپنے ضرورت مند بھائیوں کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے پر روحانی خوشی محسوس کرتا ہے۔ اس سلسلہ میں انصار مدینہ کا ایثار تاریخ عالم میں ضرب المثل کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اللہ تعالی نے ان کی بے لوث خدمات کو دوام بخشنے کے لئے ان کا ذکر اپنی ابدی کتاب قرآن حکیم میں فرمایا ہے:

و یؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ (۵۹ : ۹)

انصار مدینہ مہاجرین مکہ کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے ہیں۔ خواہ ان کو خود احتیاج ہی ہو۔

اسلام آخری اور مکمل دین ہے۔ اس لئے اس نے ہر قسم کے انسانوں کی فطرت کے مطابق ہدایت فرمائی ہے۔ بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے لئے روحانی اور اخلاقی اقدار کے ساتھ قانونی اور انتظامی ضابطوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ضرورت کے پیش نظر اسلام میں اخلاقی و قانونی ضابطوں کے درمیان حسین امتزاج پیدا کیا گیا ہے۔ معاشرتی بہبود کے بنیادی اصول سورہ بقرہ کی آیت ۱۷۷ میں بیان ہوئے۔ انہی اصولوں کو عہد رسالت کے آخر میں قانونی حیثیت دے کر حکومت اسلامیہ کی باضابطہ حکمت عملی قرار دیا گیا:

انما الصدقات للفقراء والمساکین والعاملین علیھا والمؤلفۃ قلوبھم و فی الرقاب والغارمین و فی سبیل اللہ و ابن السبیل فریضۃ من اللہ واللہ علیم حکیم (۹ : ۶۰)

صدقات (زکوۃ) تو فقراء، مساکین، کارکنان صدقات کا حق ہے اور ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لوگوں کا جن کی تالیف قلوب منظور ہے اور غلاموں کو آزاد کرانے میں ا قرضداروں (کے قرض ادا کرنے میں) اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کی مد میں (یہ مال خرچ کرنا چاہئے) یہ اللہ کی طرف سے فریضہ ہے، اللہ جاننے وا اور حکمت والا ہے۔

اس آیت میں ہر قسم کے بے کس، مجبور، محتاج، غریب اور بے سہا لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے جو اصطلاحات استعمال ک گئی ہیں وہ اپنی جامعیت اور استیعاب میں تاریخی عوامل کے تحت ہر زما میں رونما ہونے والے فقر و احتیاج اور بیکسی و بیچارگی پر حاوی ہیں :

الفقراء : وہ لوگ جو معاشی و اقتصادی طور پر بالکل تباہ حال ہوں اور ان ک پاس کچھ نہ ہو۔

المساکین : وہ لوگ جن کے پاس کچھ نہ کچھ ہو مگر انھیں بقدر حاجہ میسر نہ ہو۔

فی الرقاب، : وہ لوگ جن کی گردنیں غلامی، قرض یا دشمن کی قید کے پھند میں پھنسی ہوئی ہوں۔

الغارمین : وہ لوگ جو دیوالیہ ہوجائیں یا قرض اور تاوان جیسے حادثات کا شکار ہو یا ضمانت وغیرہ کے بار میں دب گئے ہوں۔

فی سبیل اللہ : وہ لوگ جو جہاد کے لئے سامان حرب کی قدرت نہ رکھتے ہوں غربت کے سبب تعلیم حاصل نہ کر سکتے ہوں اور افلاس کی وجہ سے علاج نہ کروا سکتے ہوں۔

ابن سبیل : وہ لوگ جو اپنے ضروری سفر پر قادر نہ ہوں یا دوران سفر ا قابل نہ رہے ہوں۔

فقر و مسکنت، رقبت و غرامت، غربت و مسافرت جیسی مجبوریوں اور معذوریو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے انسداد کے لئے عہد رسالت میں جو حکمت عملی وضع کی گئی، ابن سید الناس نے اس کی تفصیل اپنی کتاب عیون الاثر میں بیان کی ہے ۔ اس کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر قبیلے میں اپنا ایک عامل مقرر فرمایا، جو اس قبیلے کے محتاجوں اور معذوروں کی فہرست تیار کرتا اور وہاں کے خوشحال و متمول لوگوں سے جمع ہونے والی زکوۃ اور خیرات کو ان کے محتاجوں و معذوروں پر لوٹا دیتا ۔ ''تؤخذ من اغنیائہم فترد علی فقرائہم،، اس طرح وہ انہیں فقر و فاقہ پر قابو پانے میں مدد دیتا ۔ اس حکمت عملی سے محتاج و معذور بتدریج آسودہ حال اور خود کفیل ہونے لگتے اور تھوڑے ہی عرصہ میں وہ مستقل ذریعہ معاش حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ۔

اسلامی حکمت عملی کی کامیابی کی صرف یہ چند مثالیں ہی نہ تھیں بلکہ درحقیقت عہد رسالت اور عہد خلافت راشدہ میں فتح ہونے والے تمام ممالک، عراق، شام، لبنان، فلسطین، مصر وغیرہ سے فقر و مسکنت کا کامیاب حد تک انسداد کر دیا گیا تھا ۔ اسلامی اقتصادیات و معاشیات اور محاصل و صدقات پر جامع تصنیف امام ابو عبید بن سلام کی کتاب الاموال ہے، جس کی دو مبسوط جلدوں میں اسلامی معاشرتی بہبود کی حکمت عملی کے محیر العقول کارنامے محفوظ ہیں ۔

یمن کے بارے میں امام ابو عبید لکھتے ہیں کہ یہ ملک عہد رسالت میں نو ہجری میں فتح ہوا ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل کو وہاں کا عامل مقرر فرمایا ۔ حضرات ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما نے بھی انہیں اس عہدے پر برقرار رکھا ۔ حضرت عمرؓ کے عہد خلافت کے پہلے سال کے اختتام پر اپنے علاقے سے جمع شدہ کل زکوۃ کا ایک تہائی حصہ مرکزی حکومت کو مدینہ بھیج دیا ۔ حضرت عمرؓ حقوق و فرائض کے سلسلے میں بے حد محتاط حکمران تھے ۔ آپؓ نے حضرت معاذ سے کہا : میں نے تمہیں سال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جمع کرنے یا جزیہ وصول کرنے کے لئے وہاں نہیں بھیجا بلکہ تمہیں اس بات پر مامور کیا ہے کہ وہاں کے متمول لوگوں سے زکوۃ وصول کرکے وہاں کے فقراء پر لوٹا دو۔ حضرت معاذ نے عرض کی، میں نے جو کچھ آپ کے پاس بھیجا ہے وہ مقامی ضرورت مندوں کی ضروریات پوری کرنے کے بعد بھیجا ہے۔ حضرت معاذ نے دوسرے سال یمن کی کل زکوۃ کا نصف حصہ بھیج دیا۔ حضرت عمرؓ نے پھر وضاحت طلب کی، انھوں نے پھر وہی جواب دیا۔ تیسرے سال حضرت معاذ نے زکوۃ میں وصول ہونے والی تمام آمدنی مرکز کو بھجوادی اور ساتھ ہی کہلوا بھیجا کہ ”اب یہاں مجھے ایک بھی ایسا شخص نہیں ملتا جو اس زکوۃ کے مال کا محتاج ہو۔

حکومت اسلامیہ کی حکمت عملی کی کامیابی منجملہ دیگر وجوہ کے اس بنیادی نقطہ پر مبنی تھی کہ فقر و مسکنت میں مبتلا لوگوں کو ان کی مشکلات و مصائب پر قابو پانے میں مدد دی جاتی تھی۔ اور انھیں جلد از جلد خود کفالت کی ہدایت کی جاتی تھی۔ اس ضمن میں عاملین کے سامنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ ہوتا تھا۔

ابوداؤد، ابن ماجہ، ترمذی، نسائی، منذری نے حضرت انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ:

انصار میں سے ایک شخص سائل کی حیثیت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے دریافت فرمایا: کیا تیرے گھر میں کوئی چیز ہے؟

اس نے عرض کیا: ہاں ایک بچھونا ہے، جس کا کچھ حصہ ہم اوڑھ لیتے ہیں اور کچھ بچھا لیتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: یہ دونوں چیزیں میرے پاس لے آؤ۔ وہ شخص دونوں چیزیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنے ھاتھ میں لے کر آ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں چیزیں اپنے ھاتھ میں پکڑلیں اور

فرمایا : یہ دونوں چیزیں کون خریدے گا ؟

ایک شخص نے کہا : میں یہ دونوں چیزیں ایک درھم کے عوض خریدتا ھوں۔

آنحضرت نے فرمایا : کوئی ایک درھم سے زیادہ بولی دیتا ہے ؟ آپ نے دو یا تین بار یہ بات دھرائی۔

ایک شخص نے کہا : میں یہ دونوں چیزیں دو درھم کے عوض لیتا ھوں۔ آپ نے اسے دونوں چیزیں دو درھم کے عوض دے دیں۔ آپ نے دونوں درھم انصاری کے حوالے کئے اور فرمایا :

ان میں سے ایک کا غلہ خرید کر گھر والوں کو دو اور دوسرے کا ایک کلہاڑا خرید کر میرے پاس لے آؤ۔ اس نے ایسا ھی کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کلہاڑا لے کر اس میں اپنے دست مبارک سے دستہ جما دیا اور فرمایا ،

جاؤ لکڑی کاٹو اور بیچو اور میں تمہیں پندرہ دن تک نہ دیکھوں۔ وہ شخص چلا گیا۔ لکڑی کاٹتا اور بیچتا رہا اور جب آیا تو دس درھم کما چکا تھا۔ آپ نے فرمایا ان میں سے چند درھموں کا غلہ اور چند کے کپڑے خرید لو، پھر آپؐ نے سمجھایا کہ ایسے (خود کما کر کھانا) تیرے لئے بہتر ہے، بہ نسبت اس کے کہ تو قیامت کے روز اس حال میں آئے کہ سوال تیرے چہرے پر داغ کی طرح نمایاں ھو۔ سوال صرف تین قسم کے لوگوں کے لئے درست ہے ، انتہائی پامال یا سخت مقروض یا دیت و خون بہا کا مارا ھوا۔ یہ واقعہ عہد رسالت میں معاشرتی بہبود کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتا ہے۔ اس سے ظاھر ھوتا ہے کہ حکومت اسلامیہ مفلس و محتاج کی اس طرح مدد کرتی تھی کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ فقر و افلاس پر خود قابو پانے کے قابل ہو جائیں ۔

دور حاضر کا یہ عجیب تضاد ہے کہ ایک طرف سائینسی اور تیکنیکی علوم میں حیرت انگیز ترقی کے سبب صنعت، زراعت اور تجارت کو بے حد فروغ حاصل ہوا ہے اور دوسری طرف بیکاری بے روزگاری، فقر و فاقہ، بے چینی، بد امنی اور اضطراب میں بھی اسی نسبت سے اضافہ ہوا ہے ۔ اس صورت حال نے بے شمار معاشرتی، اقتصادی، تہذیبی، ثقافتی اور تمدنی مسائل کو جنم دیا ہے اور نت نئے مسائل ایک لا متناہی سلسلہ کی طرح جنم لیتے چلے جا رہے ہیں ۔ منجملہ دیگر اسباب کے اس کی بنیادی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یورپ میں صنعتی انقلاب کے بعد شہر بڑی بڑی صنعتوں کے مرکز بنتے چلے گئے اور دیہاتی آبادی ذرائع روزگار کی تلاش میں دیہاتوں سے شہروں میں منتقل ہوتی چلی گئی ۔ آبادی کی یہ نقل مکانی اس وسیع پیمانے پر ہوئی کہ شہر ہر قسم کے مسائل کی آماجگاہ بن گئے ۔ رہائش، خوراک، لباس، ٹرانسپورٹ، تعلیم، علاج کے لاتعداد مسائل اٹھ کھڑے ہوئے ۔ ان مسائل کا حل یہ سوچا گیا کہ شہروں کے ساتھ نواحی بستیاں آباد کی جائیں ۔ بسوں اور ٹرینوں کی تعداد بڑھائی جائے ۔ غلے کے گودام وسیع کئے جائیں ۔ درسگاہوں اور ہسپتالوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے ۔ مگر فی الواقع ہوا یہ کہ شہروں کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر جو ترقیاتی منصوبے تیار کئے گئے ان کی تکمیل تک نئی نقل مکانی نے شہروں کی آبادی میں کئی گنا مزید اضافہ کر دیا ۔ اس طرح مسئلے کا حل بذات خود مسئلہ کی شکل اختیار کر گیا ۔

مغرب کے بعد مشرق نے بھی جب صنعتی میدان میں قدم رکھا تو یہاں بھی شہر ہی صنعتی مرکز بنائے گئے اور مغرب کی تقلید میں اسی طرح دیہاتی آبادی کو روزگار کی تلاش میں نقل مکانی پر مجبور کیا گیا ۔ اس طرح مغرب کے وہ تمام مضرت رساں نتائج مشرق میں منتقل ہو گئے اور ان مسائل کے حل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے لئے وھی مغربی طریقہ اپنایا گیا۔

پاکستان بھی ایسی ھی صورت حال سے دو چار ھے۔ شہروں میں کھیل کود کے میدان، سیر گاھیں، باغات، کارپوریشنوں اور میونسپل کمیٹیوں کے قطعات، ٹرانسپورٹ اور ریلوے کی توسیع کے لئے اراضیات، درسگاھوں اور ھسپتالوں کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے قطعات کو یہ نقل مکانی ھڑپ کر چکی ھے۔ ''کچی آبادیوں،، کا ایک نہ ختم ھونے والا سلسلہ شروع ھو چکا ھے۔ اور ایسا معلوم ھوتا ھے کہ پکی آبادیاں، کچی آبادیوں کی نذر ھو جائیں گی۔ اس پس منظر میں معاشرتی بہبود کے کاموں کا جائزہ لیا جائے تو ظاھر ھوگا کہ اس شعبہ میں بھی خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ھونے کے اسباب میں سر فہرست یہی مسئلہ ھے جس کی وجہ سے سرکاری و نیم سرکاری رفاھی اداروں کی ساری توجہ شہری مسائل کے حل پر مرتکز ھو کر رہ گئی ھے اور یہ مسئلہ جتنا حل ھوتا ھے اس سے زیادہ الجھتا جاتا ھے۔ اس صورت حال سے بہتر طور پر نپٹنے کے لئے ضروری ھے کہ عہد رسالت اور عہد خلافت راشدہ کے معاشرتی و معاشی اصولوں کو اپنایا جائے۔

جیسا کہ اوپر تفصیل کے ساتھ بیان ھوا، وہ اصول یہ تھے کہ انسانوں کو ذرائع روزگار کی تلاش میں وسیع پیمانے پر نقل مکانی پر مجبور کرنے کی بجائے ان کی معاش کے مسائل ان کی اپنی آبادیوں میں حل کئے جائیں۔ اسوہ رسولﷺ پر عمل کرتے ھوئے ھر آبادی کے خوشحال لوگوں سے اس آبادی کے پامال لوگوں کے لئے مال جمع کیا جائے۔ سرکاری و نیم سرکاری رفاھی و معاشرتی بہبود کے ادارے اس مال کے ذریعے غریبوں اور مفلسوں کو گھریلو دستکاریاں اور چھوٹی چھوٹی صنعتیں قائم کرنے میں مدد دیں۔ اسی طرح صرف شہروں کو صنعتی مراکز بنانے پر زور دینے کی بجائے مختلف مصنوعات کی صنعتیں ایسے علاقوں میں قائم کی جائیں جن میں ان صنعتوں کے لئے خام مال پیدا ھوتا ھے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تاکہ کارخانوں میں کام کرنے والے کارکن دور دراز کی نقل مکانی کرنے سے بچ جائیں۔ اس وقت جو اربوں روپیہ خود ساختہ لاینحل شہری مسائل کے حل پر خرچ کیا جا رہا ہے ایسے دیہاتی علاقوں میں مجوزہ صنعتوں کو باہم ملانے کے لئے ذرائع مواصلات اور نقل و حمل کے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیا جائے۔ معیشت کے اس نظام کے قیام سے معاشرتی بہبود کے کاموں میں بھی کافی سہولت پیدا ہوگی۔

ہمارے معاشرتی و معاشی مسائل کا واحد حل اسلام ہے اور اسلام بھی کامل و مکمل ، یاایہا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ ولا تتبعوا خطوات الشیطن، انہ لکم عدو مبین (۲ : ۲۰۸)

مؤمنو ! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کی پیروی نہ کرو، وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

جب تک اسلام کو دینی اور دنیوی امور میں یکساں اور مربوط طور پر نہ اپنایا جائے اس وقت تک اس کے صحیح ثمرات سے متمتع نہیں ہوا جا سکتا۔ خود یہ آیت واضح طور پر بتا رہی ہے کہ اسلام میں پورے پورے داخل نہ ہونے کا مطلب شیطان کی پیروی ہے۔

دین کو دینی اور دنیوی امور کے مختلف خانوں میں تقسیم کرکے بعض پر عمل کرنے اور بعض کو معطل کرنے کے معنی رحمان اور شیطان پر بیک وقت ایمان لانے کے ہیں اور جو لوگ ایسا کرتے ہیں انہیں دنیا میں رسوائی اور آخرت میں عذاب کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

افتؤمنون ببعض الکتاب و تکفرون ببعض فما جزاء من یفعل ذلک منکم الا خزی فی الحیوۃ الدنیا و یوم القیمۃ یردون الی اشد العذاب، وما اللہ بغافل عما تعملون (۲ :۸۵) (یہ) کیا (بات ہے کہ) تم کتاب (خدا) کے بعض

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احکام تو مانتے ہو اور بعض سے انکار کرتے ہو، تو جو تم میں سے ایسی حرکت کریں ان کی سزا اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا کی زندگی میں تو رسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت عذاب ہو۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس سے غافل نہیں۔

اگر اسلام کو مکمل طور پر اپنا لیا جائے تو اسلامی نظام معاشرتی بہبود آج بھی کامیاب اور تعمیری نتائج پیدا کر سکتا ہے اور ہم کامیابی کے ساتھ اپنے معاشرتی اور معاشی مسائل پر قابو پا سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com